سوال

(679) تقویت ایمان

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

آدمی کس طرح اپنے ایمان کو قوی کرے کہ وہ اللہ کے احکام پر عمل کرنے لگے اور اس کے عذاب سے ڈرنے لگے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کے لیے اللہ تعالی کی کتاب کی تلاوت کی جائے ، اس کے معانی واحکام پر تدبر کی جائے اور نبی اکرم ﷺ کی سنت کا مطالعہ کیا جائے ، اس احکام شریعت کی تفصیل معلوم کی جائے ، اس کے مطابق عمل کیا جائے ، عقیدہ اور تمام اقوال افعال میں کتاب وسنت کی پابندی کی جائے ، ہر وقت اللہ تعالی سے ڈرا جائے ، دل کو اس کی عظمت کے تصور سے بھرا جائے اور یوم آخرت اور اس کے حساب ، ثواب ، عذاب ، شدت اور ہولناکیوں کو یاد رکھا جائے ، نیز نیک لوگوں کی صحبت اختیار کی جائے اور برے لوگوں کی صحبت سے اجتناب کی جائے ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

[فتاویٰ اسلامیہ]

ج4ص514

محدث فتویٰ